© rasailojaraid.com

# یادِ رفتگاں

ادارہ

**حافظ عبدالحمید کلاچوی رحمہ اللہ** حضرت مولانا قاضی عبدالکریم مدظلہٗ و مولانا قاضی عبداللطیف مدرسہ نجم المدارس کلاچی کے برادر زادہ محترم جناب حافظ عبدالحمید صاحب ایک حادثہ میں شہید ہوگئے، ایک نوجوان عالم و فاضل کا انتقال بجا طور پر پورے خاندان کیلئے باعث رنج و غم ہے۔ ادارہ الحق اور دار العلوم حقانیہ اس غم میں پورے خاندان بالخصوص دار العلوم کے قابلِ فخر فرزند مولانا قاضی عبدالحلیم صاحب کلاچوی سے تعزیت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو درجاتِ عالیہ سے نوازے۔

**مولانا محمد عرفان مرحوم** ۱۹ ؍ صفر ۱۳۹۹ھ جامعہ اشرفیہ لاہور کے حضرت مولانا محمد عرفان صاحب مرحوم تقریباً ستر برس کی عمر میں انتقال فرماگئے، مولانا مرحوم حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحب بانی جامعہ اشرفیہ کے بھتیجے تھے، ان کے بعد زندگی بھر جامعہ اشرفیہ نیلاگنبد کے مخلص خادم اور کارکن رہے۔ آپ کو حضرت حکیم الامۃ مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ سے استفادہ کا موقعہ ملا حضرت مفتی صاحب مرحوم کے معتمد اور منظورِ نظر تھے، عجیب اخلاقِ کریمانہ کے مالک تھے، ان کی وفات سے حضرت مفتی صاحب مرحوم کا پورا خاندان اور حلقہ متاثر ہوا ہے۔ خداوند کریم مرحوم کو اعلیٰ ترین مقاماتِ قرب سے نوازے۔ جامعہ اشرفیہ کے اس صدمہ میں ہم سب شریک ہیں۔

**حاجی شیر محمد گوجرہ مرحوم** ۱۱ ؍ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۹ھ کو گوجرہ ضلع فیصل آباد میں حکیم الامت مولانا تھانوی رحمہ اللہ کی بزمِ انور کا ایک چراغ بجھ گیا اور جناب حاجی شیر محمد صاحب انتقال فرماگئے۔ مرحوم حضرت تھانوی رحمہ اللہ کے مجازِ بیعت دینی و اخلاقی اور روحانی خدمات میں زندگی گذری۔ فرحمۃ اللہ وارضاہ۔

© rasailojaraid.com